جماعت اسلامی کا دوسرا اجتماع عام

کانپور کے بجائے الٰہ آباد

جماعت اسلامی کا یہ دوسرا اجتماع ۲، ۳، ۴ جمادی الاولیٰ ۶۵ھ (مطابق ۵، ۶، ۷ اپریل ۱۹۴۶ء) کو موضع ہرواره، متصل شہر الٰہ آباد میں منعقد ہو گا۔

۱۔ ارکان جماعت کے لیے لازم ہے کہ اجتماع میں شریک ہوں الا یہ کہ کوئی عذر شرعی مانع ہو۔ اگر ممکن ہو تو عذر کی صورت میں اجتماع سے پہلے مرکز کو معذرت بھیجی جائے۔ ورنہ اجتماع کے بعد متصلاً عدم شرکت کے وجوہ بتائے جائیں (خواتین کے لیے شرکت اجتماع لازم نہیں ہے)

۲۔ شرکت کا ارادہ رکھنے والے ارکان اور ہمدردوں کو (اور جو خواتین آنا چاہیں ان کو بھی) اپنے ارادے کی اطلاع ۲۰ مارچ ۴۶ء تک حکیم محمد خالد صاحب (موضع ہرواره، ڈاکخانہ بیگم سرائے ضلع الٰہ آباد) کو بھیج دینی چاہیے۔

۳۔ جو اصحاب اور خواتین لاہور سے جماعت کے قافلے میں شریک ہونا چاہیں وہ ۲۰ مارچ تک مرکز کو اپنے ارادے کی بھی اطلاع دیں اور کرایہ بھی جمع کرا دیں۔

۴۔ اجتماع میں پیش کرنے کے لیے رپورٹیں مرتب کرنے کے متعلق مفصل ہدایات اخبار "کوثر" لاہور میں مسلسل شائع ہو رہی ہیں ان کو ملحوظ رکھا جائے۔

۵۔ جو ارکان تجاویز پیش کرنا چاہیں یا جماعت کے نظم یا کام سے متعلق سوالات کرنا چاہیں وہ اپنی تجاویز اور سوالات ۲۰ مارچ تک مرکز میں بھیج دیں۔

۶۔ ارکان ۵ اپریل کی صبح تک اور ارکان مجلس شوریٰ ۴ اپریل کی شام تک الٰہ آباد پہنچ جائیں۔

نوٹ :- ہرواره ریلوے اسٹیشن نہیں ہے۔ ٹکٹ الٰہ آباد کے لیے جائیں۔

خاکسار۔ طفیل محمد، قیم جماعت اسلامی، دارالاسلام، پٹھان کوٹ (پنجاب)